# بیکن ہاؤس اسکول سسٹم

## پی ای سی ایچ کیمپس

## سلیس نگاری (ادبی مہارت)

## جماعت: ہفتم

درج ذیل نثر پارہ میں درست الفاظ منتخب کرتے ہوئے سلیس نگاری مکمل کریں۔

جنگلات کسی ملک کی معاشی دولت کا اہم (ضروری۔ مشکل) ترین جزو (مقصد۔ حصہ) ہیں۔ یہ زمین کی زرخیزی اور مضبوطی کو بحال رکھنے کے علاوہ فصلوں کی حفاظت کے لئے فصیل (سبزہ۔ چاردیواری) کا کام انجام دیتے ہیں۔ ان سے عمدہ (اعلی۔ بے کار) قسم کی عمارتی لکڑی، جڑی بوٹیاں جو دواسازی (دوا کھانے۔ دوا بنانے) کے کام آتی ہیں، گھٹیا قسم کی لکڑی جو جلانے کے کام آتی ہے اور کئی طرح کی دوسری قیمتی اشیا حاصل ہوتی ہیں۔ جنگلات سے چراگاہوں کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ زمین کی آب و ہوا اور بارش برسانے میں بھی جنگلات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

موسم گرما (خزاں۔ ب گرمی) کے اوائل (آغاز۔ اختتام) میں شمالی علاقہ جات پر پڑی برف پگھلنے لگتی ہے تو پانی کا رخ (سمت۔ کنارہ) ندی نالوں اور دریاؤں کی طرف ہو جاتا ہے۔ ایسے میں اگر پہاڑوں پر درخت ہوں تو پانی کے بہاؤ (بہنے۔ رک جانے) میں تیزی نہیں آتی اور پانی آہستگی (آرام۔ تیزی) سے ندی نالوں اور دریاؤں میں پہنچتا ہے۔ اور یوں سیلاب سے بچاؤ (بچنے۔ دیکھ بھال) کی صورت پیدا ہو جاتی ہے، جب کہ ان پہاڑی علاقوں میں جہاں درختوں کی کمی ہے، وہاں پانی طوفانی رفتار سے ندی نالوں اور دریاؤں میں پہنچنے لگتا ہے۔ اور آس پاس (قریبی۔ دور دراز) کے علاقوں میں سیلاب کی صورتحال (نظارہ۔ کیفیت) پیدا کر دیتا ہے۔ خشک علاقے میں جنگل ہوں گے تو آندھیاں کم

LIVEWORKSHEETS

چلیں گی اور گرد و غبار کے لئے آلودگی (خرابی۔ دھول مٹی) کا سبب (اسباب۔ وجہ) نہیں بنے گا، کیونکہ درخت، فضا سے آلودگی جذب کر لیتے ہیں اور یوں ہم تازہ اور صحت مند ماحول میں رہ کر بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔

پاکستان میں قدرتی جنگلوں کی کمی ہے۔ جو کہ کُل جنگلات کا صرف تین فیصد ہے، اس لیے حکومت نے اکثر مقامات (کم جگہوں۔ کئی جگہوں) پر مصنوعی (خود ساختہ۔ خوبصورت) جنگل اگائے ہیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم درخت کاٹنے کی رفتار گھٹائیں (تیز کریں۔ کم کر دیں)۔

LIVEWORKSHEETS